سوال

(83)کیا شرک اصغر سے انسان ملت سے خارج ہوجاتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا شرک اصغر سے انسان ملت سے خارج ہوجاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

شرک اصغر، انسان ملت سے خارج تو نہیں کرتا لیکن اس سے ایمان میں کمی ہوجاتی ہے اور یہ کمال توحید واجب کے منافی ہے ۔ مثلا اگر کوئی شخص ریاکاری کےلئے تلاوت یا صدقہ یا اس طرح کوکوئی عمل کرے تو اس کے ایمان میں کمی اور ضعف پیدا ہوجائے گا اور وہ ریاکاری کی وجہ سے گناہ گار ہوگا لیکن اس کی وجہ سے اسے کفر اکبر کا مرتکب قرار نہیں دیا جائے گا۔

فتاوی مکیہ